بوستانِ حسرت

MAULANA AZAD LIBRARY, ALIGARH.
M.A.LIBRARY, A.M.U.
PE5284

حسرت شروانی

غلط نامہ

بوستانِ حسرت

MAULANA AZAD LIBRARY ALIGARH

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۰	۴	مواجّی	موّاجی
۱۱	۱	Sky-rac	Sky-race
۱۲	۸	قصیدے	قصائد
۱۳	۱۲	اسناد	استاد
۱۵	۶	نبائی	بنائی
۲۱	۱۳	زندگی بخشی	زندگی بخش
۲۲	۱	لوازے	لوازم
۲۵	۳	الہی	الٰہی
″	۵	الہی	الٰہی
″	۷	الہی	الٰہی
″	۷	خرشید	خورشید
۲۷	۹	دانۂ	دانہ
۲۸	۳	جانی	جانے
۲۹	۹	نتی	نمی
۳۴	۶	زنداں	زنداں
۳۹	۴	ندارم	دارم
۴۱	۳	ہمزانگی آر	ہمزانگی
۴۳	۴	عیاشی	عاشقے

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴۵	۲	عدن	عدنِ
۴۷	۳	جان	جاں
〃	۷	گلِ	گل
〃	۱۱	درمان	درماں
۵۰	۲	مژدہِ	مژدۂ
۵۱	۳	سردیِ	سردئ
۵۲	۶	رحمَن	رحمٰن
۵۳	۱۱	بگلِ	بگلُ
۵۵	۶	دارند	دادند
۵۶	۱	ناکامی	ناکامئ
۵۷	۸	د	و
۵۸	۴	آواں	آوانِ
۵۹	۴	دیوان	دیواں
۶۵	۱	کا	کہ
۶۸	۳	دودماں	دودمانِ
〃	۴	آب	آبے
〃	۱۱	جان	جاں
۷۰	۱	یادِ ...	یاد ...
۸۰	۱	بناالایم	بناالایم
۹۹	۵	درنہان	درنہاں
۱۰۸	۱۰	ہوس	ہوس
۱۳۰	۳	رحمَن	رحمٰن

۷۸۶

تقریب

فارسی زبان کی شیرینی اور فارسی غزل کی رنگینی کون نہیں جانتا۔ علّامہ شبلی نے سچ کہا ہے۔
"عشق[1] و محبت کا جذبہ فطرتِ انسانی کا خمیر ہے۔ اس لئے تمام دنیا کی شاعری میں عشقیہ شاعری، اور سب انواع شاعری سے زیادہ متداول اور عام ہے لیکن ایران اِس خصوصیت میں تمام دنیا سے بڑھا ہوا ہے۔" درحقیقت ایران کی تہذیب و تمدن عیش و تنعم۔ آب و ہوا اور حسن و جمال نے اہل ملک کے جذبات عشق و محبت میں ایک آگ سی لگا دی تھی۔ سعدی۔ حافظ۔ عرفی۔ نظیری کسی کی غزل[2] اکٹھا کر دیکھئے تو آپ پائیں گے کہ عشق کے نازک سے نازک جذبات۔ اور حُسن کی لطیف سے لطیف ادا کو یہ لوگ اِس خوبی سے بیان کر جاتے ہیں کہ ذوق سلیم وجد کرنے لگتا ہے۔ مثلاً یہ کہنا ہے کہ محبوب کی آمد پر تمام شکوے شکایتیں ختم ہو جاتے ہیں۔ اس کو سعدی یوں ادا کرتے ہیں:۔

گفتہ[3] بودم چو بیائی غمِ دل با تو بگویم — چہ بگویم کہ غم از دل برود چوں تو بیائی

یا یہ بیان کرنا ہے کہ معشوق کی اداؤں کے سامنے جان کی کوئی قیمت نہیں۔ اس کے لئے

---

[1] شعر العجم جلد پنجم [2] غزل کے موافق و مخالف حال میں بہت کچھ کہا گیا ہے۔ مگر یہاں اس بحث کا محل نہیں [3] غالب لکھتے ہیں:۔ اُن کے آنے سے جو آجاتی ہے منہ پر رونق۔ وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے۔

حافظ یہ پیرایہ اختیار کرتے ہیں:-

اے خوشا حالتِ آں مست کہ در پائے حریف　　　سر و دستار نداند کہ کدام اندازد

اُس مست کی حالت قابلِ رشک ہے جو مستی میں معشوق کے قدموں پر نچھاور کرنے کے لئے یہ نہیں سوچتا کہ سر نذر کروں یا دستار۔ یا مثلاً عاشق کی وحدت پسند طبیعت غمِ روزگار کو بھی غمِ عشق میں جذب کر لیتی ہے۔ اس مضمون کو عرفی نے کس خوبی سے ادا کیا ہے:-

[1] در دلِ ما غمِ دنیا غمِ معشوق شود　　　بادہ گر خام بود پختہ کند شیشۂ ما

اسی طرح نظیری محبوب کے آفتاب و شمع ہونے کی طرف کس لطف سے اشارہ کرتا ہے کہتا ہے:-

[2] بازم بہ کلبہ کیست نہ شمع و نہ آفتاب　　　بام و درم ز ذرّہ و پروانہ پُر شدہ است

یعنی میرے جھونپڑے میں کون آ گیا کہ شمع اور آفتاب کے نہ ہوتے ہوئے بھی تمام گھر ذرّوں اور پروانوں سے بھر گیا ہے۔ غرض مثالیں کہاں تک پیش کی جائیں۔ مقصود یہ ہے کہ فارسی غزل ایک باغِ پُر بہار ہے جس کی کسی روش پر بھی نکل جایئے دماغ معطّر ہو جاتا ہے۔

ہندوستان میں فارسی کا مذاق غزنویوں کی آمد سے شروع ہوتا ہے۔ فارسی کا پہلا شاعر غالباً مسعود سعد سلمان ہے جو عہدِ سلطان ابراہیم غزنوی میں لاہور کا گورنر تھا۔ اس کے بعد پٹھان سلاطین کے دورِ حکومت میں ہمیں جمال دہلوی حسن[3] بدایونی (جو حسن سنجری دہلوی کہلاتے ہیں) بدر چاچی منظر گجراتی وغیرہ متعدد خوش گو شعرا ملتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ امیر خسرو کے کوکبۂ خسروی نے سب کی شوکت کو ماند کر دیا تھا۔ یہاں تک کہ مغلیہ حکومت

---

[1] آلامِ روزگار کو آسان بنا دیا　　　جو غم ملا اسے غمِ جاناں بنا دیا۔ (اصغر)

[2] داغ کا شعر ملاحظہ ہو:-　　　رخِ روشن کے آگے شمع رکھ کر وہ یہ کہتے ہیں
ادھر آتا ہے دیکھیں یا ادھر پروانہ جاتا ہے

[3] ملاحظہ ہو کلیاتِ حسن مطبوعہ حیدرآباد

کا عہد آگیا۔ مغل بادشاہ و اُمرا نہ صرف قدر دان بلکہ خود سلیم المذاق تھے۔ ہر طرف دولت و ثروت کی افراط۔ اور حسن و عشق کی چہل پہل تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ یہاں کے فارسی شعرا ہندی الاصل ہوں یا ولایت زا۔ کمالِ فن اور لطافتِ سخن میں ایرانیوں سے بازی لے گئے خود صائب کا اعتراف سنئے۔ کس مزے سے کہتا ہے :-

نیست[1] در ایران زمیں سامان تحصیل کمال　　تا نیامد سوئے ہندستاں حنا رنگیں نہ شد

اصل یہ ہے کہ بابر و ہمایوں نے شعر و ادب کے پودے کی پرورش کی۔ اکبر کے عہد میں یہ چھتنار درخت بن گیا۔ جہانگیر و شاہ جہاں کے دور میں اہل کمال نے اس کا پھل کھایا اور اس کے سایہ میں آرام پایا۔ اکبر[2] کے دربار کے شعرا کی فہرست جو ابو الفضل۔ بدایونی اور نظام الدین نے دی ہے کافی طویل ہے۔ یہ سلسلہ برابر جاری رہا۔ یہاں تک کہ آخری مغل بادشاہ کے زمانہ میں خاتم الشعرا مرزا غالب پر آکر ختم ہو گیا۔ مرزا خود کہا کرتے تھے کہ ہند میں فارسی شاعری ایک ترک لاچین (خسرو) سے شروع ہوئی اور ایک ترک ایبک (غالب) پر ختم ہو گئی۔ مگر اس سے یہ مراد نہیں کہ غالب کے بعد کوئی شاعر یا اچھا شاعر پیدا ہی نہیں ہوا۔ البتہ یہ درست ہے کہ کوئی صاحبِ[3] طرز یا مشہور استاد منصۂ شہود پر نہ آیا۔ ورنہ غالب اور اُن کے معاصرین[4] کے بعد بھی فارسی کے بعض خوش گو شعرا[5] پیدا ہوئے۔ جن میں حالی شبلی

---

[1] یہ ہندر فتن حنا فارسی کا ایک محاورہ ہے جس سے حنا کا سیاہی مائل ہونا مراد ہے۔ [2] اسی دور میں آکر فارسی شاعری نے ایک خاص انداز اختیار کیا جس کو سبک ہندی سے تعبیر کرتے ہیں اگرچہ اس کی بنا خسرو کے عہد ہی سے پڑ گئی تھی [3] اقبال ایک نئی شریعت شاعری کے مجتہد ہیں۔ اس لئے ان کا ذکر یہاں نہیں کیا گیا [4] غالب نے ایک شعر میں اپنے معاصرین کا ذکر کیا ہے ؎ مومن و نیر و صہبائی و علوی و انگاہ حسرتی اشرف و آزردہ بود اعظم شان [5] یوں تو تقریباً ہر شہر میں فارسی کے اچھے شاعر ہو گذرے ہیں۔ مگر ان کو شہرت عام کے دربار میں جگہ نہ ملی۔

خواجہ عزیز۔ شاہ عزیز اللہ عزیز وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ اسی قابل ذکر گروہ میں جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولوی حبیب الرحمٰن خاں صاحب حسرت شروانی مدظلہ کا بھی شمار ہے۔ نواب صاحب کی ذات مستجمع الصفات کو اگر اس معنی کر ذو الریاستین کہا جائے تو بجا ہے کہ قدرت نے آپ کو دنیاوی ریاست کے ساتھ علم و ادب کی صدارت بھی عطا فرمائی۔ آپ کا علم و تبحر۔ فراست و تدبر۔ نادر کتاب خانہ۔ اور مذہبی و قومی کارنامے اظہر من الشمس ہیں۔ جن پر یہاں نہ بحث کی ضرورت نہ موقع۔ ہمارا مقصد صرف نواب صاحب کے فارسی کلام موسوم بہ بوستانِ حسرت پر اپنے ناچیز خیالات کا اظہار کرنا ہے۔ یہ ایک مختصر سا مجموعہ ہے جو ۲۸ غزلیات ایک مخمس نعت اور چند قطعات تاریخی وغیر تاریخی پر مشتمل ہے۔ متعدد ردیفیں خالی ہیں۔ اور کسی میں ایک ایک دو دو غزلیں ہیں۔ اور رسمی شاعروں کی طرح ردیفوں کی خانہ پُری کی کوشش نہیں کی گئی ہے۔ موصوف کو شعر و ادب سے فطری ذوق ہے۔ اور اسی ذوق کے ماتحت کسی خاص تحریک یا جذبہ سے متاثر ہو کر احیاناً فکر شعر فرماتے ہیں۔ تاہم دیوان کا ہر پڑھنے والا اس نتیجہ پر پہونچے گا کہ آپ کے یہاں اس مختصر مجموعے میں بھی رفعت خیالات۔ وصدق جذبات کے ساتھ لطافت بیان اور سلاست زبان کی کمی نہیں۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم یہاں اپنے دعوے کے ثبوت میں موصوف کے دیوان سے چند مثالیں پیش کریں معشوق کی لطافت طبع کے متعلق ایک موقع پر نہایت لطیف پیرایہ اختیار کرتے ہوئے فرماتے ہیں

این ہمہ پاکی گوہر نتواں یافت بخاک ۔ مگر از شیرۂ جانت بدنے ساختہ اند

یعنی عنصر خاکی میں یہ لطافت بھلا کہاں سے آئی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاید تیرا جسم روح کے جوہر سے بنا ہے۔ غور کرنے کی جگہ ہے جس کے جسم کی لطافت کا یہ عالم ہے کہ روح نہیں بلکہ

روح کے جوہر سے اس کا خمیر ہوا ہے تو خود اس کی روح کی پاکیزگی کس پایہ کی ہوگی۔
درحقیقت تصور کے لئے کس قدر وسیع میدان شاعر نے مہیّا کر دیا۔ العظمۃ للّٰہ۔

اسی غزل میں کہتے ہیں:-

منّت رائحۂ نافہ و غنچہ نکشند   سرخوشانے کہ ببوئے دہنے ساختہ اند

عاشقان مست جو کسی کی بوئے دہن پر قناعت کئے بیٹھے ہیں مشک و غنچہ کی خوشبو کا احسان نہیں اُٹھایا کرتے "ببوئے دہنے" کا ٹکڑا جو لطف دے رہا ہے وہ ادب فارسی کے اداشناسوں سے پوشیدہ نہیں۔ نواب صاحب کی شاعری کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کا مخاطب اگرچہ حسین مجاز کا پیکر۔ اور گوشت پوست کا واقعی انسان ہے لیکن جمال ظاہر کے ساتھ کمال معنی سے آراستہ ہے۔ اسی کے ساتھ خود اُن کا جذبۂ محبت بھی پاکیزگی اور وفاپرستی کے اوصاف سے متصف ہے۔ ملاحظہ ہو:-

من و خیال رخے، بے نیازم از گلشن   من و جمال جہے، آفتاب را چہ کنم

بے نیاز انہ ز سیر گل و گلشن گزرند   بیدلانے کہ بہ گل پیرہنے ساختہ اند

بعض پوری کی پوری غزلیں کسی خاص واقعے سے متاثر ہو کر لکھی ہیں جن میں واقعیت کی بنا پر تاثیر۔ اور مسلسل ہونے کی وجہ سے زور پیدا ہو گیا ہے۔ سچ ہے:-
از دل می خیزد و بر دل می ریزد۔ مثلاً وہ غزل جس کا مطلع ہے:-

در حریم وصل جانانم وطن خواہد شدن   شمعِ بزم انس آں ماہ ختن خواہد شدن

یا

ربودہ ہوش و قرارم غزال رعنائے   نگار مست خرامے بلند بالائے

اکثر غزلیں اساتذۂ قدیم کی زمینوں میں لکھی ہیں اور کامیاب شعر نکالے ہیں جن پر کہیں کہیں

علامہ شبلی۔ اور خواجہ عزیز جیسے سخن گو اور سخن سنج ناقدانِ ادب نے تحسین فرمائی ہے۔
حضرتِ ممدوح کے کلام میں متعدد مواقع پر عالی ہمتی و بلند حوصلگی کے مضامین اس خوبی سے نظم ہوئے ہیں کہ بے ساختہ دل سے داد نکلتی ہے۔ چند مثالیں سنیئے اور لطف اُٹھائیے۔
مثلاً جب آپ حیدر آباد سے ترک تعلق کر کے وطن کی جانب واپس آرہے ہیں تو ریل کے سفر میں یہ شعر کہا:۔

شاہبازِ ہمتم ربطے بدستِ شاہ داشت خوش نکردہ بند دستِ دیگراں پرواز کرد

شاہباز کا بادشاہوں کے ہاتھ سے تعلق قدیم رواج کی طرف اشارہ کر رہا ہے شعر کا مطلب یہ ہے کہ جب تک بادشاہ کے ہاتھ سے تعلق رہا میری ہمت کا شاہباز پابند رہا لیکن جب دوسرے لوگ دخیل ہوگئے تو اُس کو یہ محکومی گوارا نہ ہوئی اور اُڑ گیا۔

ہمتِ ما سرِ نمی آرد بمال و زر فرود دولتِ ما بس بود آں شوخِ سیم اندام ما

اگرچہ انداز میں کوئی ندرت نہیں۔ تاہم شعر سے شاعر کی عالی ظرفی کا پتہ چلتا ہے۔

سرِ آزادگاں بپائے دوں طبعاں بود حیف است اگر خاک رہِ جاناں نشد بردار بایستے

آزاد مزاجوں کے سر کے لئے دو ہی مصرف یا محل ہو سکتے ہیں۔ یا راہ دوست کی خاک ہوں یا دار کی زینت بنیں۔ یہ کیا غضب کہ ایسا سر اور ذلیل فطرتوں کے قدموں پر۔ خیال کی رفعت اور بیان کی لطافت داد سے مستغنی ہے۔ لطافت بیان کی تمثیل میں چند شعر اور ملاحظہ ہوں جن سے قارئین کرام کو محروم رکھنا ہمارے نزدیک ظلم ہے۔

دارم امیدِ صلح ازاں چشمِ جنگ جو جمعیتے ز زلفِ پریشانم آرزوست
بادِ چمن علاجِ تپِ دل نمی کند عیسیٰ دمی ز گوشۂ دامانم آرزوست

نہ کردہ جلوہ بتِ شوخ و باختم دل و دیں　　اگر برافگند از رخ نقاب را چہ کنم

توانم ایں کہ لبِ خود بہ مے نیالایم　　سیاہ مستیٔ عہدِ شباب را چہ کنم

خلق را بسکہ گمانہاست بہ ہشیاریِ خویش　　جلوہ فرما و بکیے بپرس کہ ہشیار کجاست

آپ کے کلام میں بیان کی سلاست اور زبان پر قدرت کی مثالیں بکثرت ہیں مثال کے طور پر وہ نظم پڑھیے جو "کسی" کے ریمارک کے جواب میں تحریر کی ہے۔ آغاز یہ ہے:-

اے کہ از غایتِ لطافتِ طبع　　سحرِ نوبہار را مانی

خاتمہ کا شعر سننے کے قابل ہے۔

گفتۂ طالب رضائے توام　　من و یزداں کہ من فدائے توام

ایک جگہ لکھتے ہیں:-

حسرت ز بوئے باغ دماغم نمی رسد　　بوئے وفا ازاں گل خنداں آرزوست

دماغ رسیدن فارسی میں مست و سرخوش ہونے کے معنی میں آتا ہے۔ کہیں کہیں کلام میں شوخی اور بے باکی کی ادا بھی جھلکتی ہے۔

چوں نخواہد داشت تابِ بوسہائے بیدریغ　　آں لبِ میگوں برنگِ یاسمن خواہد شدن

خشیم منتِ بختِ بلندِ خود روزے　　کہ در کشیم ببر آں بلند بالا را

ممکن ہے کہ بعض ثقہ طبائع ان اشعار پر چیں بجبیں ہوں مگر جذبات کے دریا کا بند باندھنا آسان نہیں۔ چلتے چلتے دو شعر تعلّی اور زورِ بیان کے بھی سنتے جائیے فرماتے ہیں:-

از بدخشاں لعل و از عمّان گہر　　جوہرِ طبعم ز کانے دیگر ست

نغمہ ہائے طوطی و بلبل خوش است　　حسرتِ ما را فغانِ دیگر ست

ان چند سطور پر یہ تقریب ختم کرنے سے پہلے پہل اپنے مخدوم حضرت نواب صاحب ریار جنگ بہادر

ے

مدظلہ العالی کا شکر گذار ہوں کہ آپ نے بغایت ذرّہ نوازی مجھے اپنے کلام فارسی کو طبع کرانے اور شائع کرنے کی سعادت بخشی۔ ع

کُلاہِ گوشۂ دہقاں بآفتاب رسید

استاذی پروفیسر مولانا ضیاء احمد صاحب بدایونی کا بھی منّت گذار ہوں کہ اس خوش گوار فرض کی ادائیگی میں آپ نے میرا ہاتھ بٹایا۔ فجزاھم اللہ خیر الجزاء[1]

سلطان جہاں منزل
علی گڑھ

سیّد الطاف علی بریلوی

یکم مئی سنہ ۱۹۴۹ء

---

[1] "خوش گفتی و دُر سُفتی" حسرت شروانی

غزل فارسی

(از خامۂ نواب صدر یار جنگ بہادر مد ظلہ)

حسن اتفاق کا کرشمہ دیکھو۔ حکومت عرب سے عجم کا آزاد ہونا اور فارسی لٹریچر کا ادب عرب کی حکمرانی سے نکلنا ساتھ ساتھ ہوا۔ عجمی فرماں روا فتوح عرب کی روح کے حلقہ بگوش رہے۔ یعنی انھوں نے مسلمان رہ کر سلطنت کی۔ اسی طرح فارسی شاعری نظم عروض و قافیہ میں عربی شاعری کے تابع فرماں رہی۔ صورت کو چھوڑ کر معنی کو دیکھو تو متنبی اور خاقانی اپنی بلند پروازیوں میں خیالات کے ایک ہی آسمان سے تارے توڑ کر صفحۂ کاغذ کو منور کرتے ہیں۔ دولت شاہ نے اپنے تذکرے میں شعرائے فارسی کے دور قائم کئے ہیں۔ مقدمہ میں متنبی وغیرہ شعرائے عرب کا ذکر کیا ہے اور اس طرح فارسی شاعری کی ابتدا کو عربی شاعری کی انتہا سے ملا کر سلسلہ مسلسل کر دیا ہے۔

فہم انسان کی نارسائی دیکھئے۔ جس چیز کی آغاز کی تلاش میں اٹھتی ہے انجام کار قیاس کی بھول بھلیوں میں سرگردانی اٹھاتی ہے۔ یہی حال فارسی شاعری کی ابتدا کا ہے۔ بہرام گور کا عالم سرخوشی میں پہلا مصرع کہنا۔ یعقوب لیث کے چھوٹے سے بچے کی زبان سے موزوں مصرع کا نکل جانا، مٹے سے نشان ہیں جو پیک خیال کو منزل مقصود تک نہیں پہنچا سکتے۔ قیاس کی مکر چاندنی سے نکل کر واقعات کی صبح صادق کے نور میں آؤ تو رودکی کا دل کش ترانہ سامعہ نواز ہوتا ہے۔

اس پرشکوہ قافلہ کی قافلہ سالاری ابوالحسن[1] رودکی کی قسمت میں تھی۔ دربار سامانی

---

[1] ابوالحسن عبد اللہ رودکی سمرقندی مادح امیر احمد نصر سامانی والی بخارا وفات نصر سامانی ۳۳۱ہجری

کی عظمت کے جہاں اور سازوسامان تھے وہاں ملک الشعرا رودکی کا طمطراق بھی تھا جس کی جلو میں دو سو زرّیں کمر غلام چلتے تھے۔ قلندر مزاج شعرا اگرچہ ہمیشہ رودکی کی شوکت کے خیال میں رہے۔ لیکن یہ دل کش خواب پھر بہت ہی کم نظر آیا۔ ظاہر ہے کہ اس اوج موج میں ہوائی خیال کے حوصلے قصیدے ہی کے میدان میں نکل سکتے تھے۔ ہجری چوتھی صدی کا آغاز رودکی کا دور ہے۔ اس زمانہ سے سعدی کے زمانہ تک (وفات سعدی ۶۹۱ھ ہجری) قصیدے کا دور اور زور سمجھنا چاہیئے۔ اس چار سو برس کے عرصے میں قصیدے نے نشو ونما کے مختلف مدارج طے کئے۔ بچپن سے لڑکپن، لڑکپن سے جوانی، جوانی سے کہولت، کہولت سے بڑھاپا۔ زندگی کی یہی منزلیں ہیں۔ یہی منازل قصیدے کو پیش آئیں۔ خاقانی[1] کا زمانہ (چھٹی صدی ہجری کا درمیانی حصہ) قصیدے کے شباب کا زمانہ تھا۔ دورِ شباب زور وشور کا زمانہ ہے۔ اس وقت کے قصائد مبالغہ کے زور میں طوفان سے بھی بڑھ چڑھ کر ہیں۔ جوانی اور جنون کا ڈانڈا ملا ہوا ہے۔ شباب قصیدے کی مداحی ستائش کا جنون ہے۔ ممدوح زمین پہ ہے وہ آسمان پر بتا رہے ہیں۔ ہاتھ کے اشارے سے دکھاتے ہیں۔ کوئی نہ دیکھے تو ہاتھ سے اُس کا منھ اوپر کو اُٹھا دیتے ہیں۔ نہ مانے تو دلیل سے سمجھاتے ہیں۔ اس پہ بھی نہ سمجھے تو ہجو سے سمجھاتے ہیں۔ سلح خانے کی چھت سے ہمیشہ چرخ ہفتم کے فرشتے تنگ رہے۔ اگر پٹا دہ اتنا اونچا نہ ہو تو مریخ دوز نیزے کہاں رکھے جاتے۔ ڈربی کی گھوڑ دوڑ میں تیزی رفتار کا معیار سکنڈ اور منٹ ہیں۔ ہمارے شعرا کے ممدوحوں کے گھوڑے صدہا برس ہوئے اُس

---

[1] خاقانی شروانی وفات ۵۸۲ھ ہجری

ریکارڈ کو توڑ چکے ہیں۔ یہ چند منٹ اور سکنڈ میں "اسکائی ریس (Sky raze) کا دَور پورا کرتے ہیں۔ وہ چشم زدن میں دَورِ فلک سے باہر نکل جاتے ہیں۔ مبالغہ کے مضامین پر خواہ ہنسو خواہ سوسائٹی کے مذاق سے عبرت حاصل کرو لیکن شکوہِ کلام، قوتِ ادا، زورِ بیان اور روانیٔ سخن کو دیکھ کر تم بے اختیار آفریں کہہ اٹھو گے
شباب کے بعد پیری ہے۔ پیری میں شباب کی باتیں خواب کی باتیں ہیں۔ مرزا غالب بہادر شاہ کی مدح میں وہی مضامین صرف کرتے ہیں، جو عنصری نے سلطان محمود کی ستائش میں باندھے تھے۔ یہ خیال کا خواب نہیں تو کیا ہے۔ بیان میں سحر کی تاثیر ہے۔ غالب و قاآنی کی جادو بیانی قصیدے کے ناتواں جسم میں پھر روحِ جوانی پھونک گئی۔

قصیدہ جس قدر منجھتا گیا اُسی قدر اُس میں سے مغلق الفاظ، دشوار ترکیبیں اور مشکل مضامین چھٹتے گئے۔ جہاں قصیدے کی سرحد غزل سے ملی ہے وہاں قصیدے کی صفائی غزل کی روانی سے ہمدوش ہے۔ شعراء کے چوتھے طبقہ میں کمال اصفہانی ہے جس کو دربارِ کمال سے "خلاق المعانی" کا خطاب مِلا ہے۔ اس کے قصیدے کی صفائی تیغ اصفہانی کے جوہر کو شرماتی ہے۔ اسی طبقہ میں غزل گویوں کے امام شیخ سعدیؒ جلوہ فرما ہیں۔ اُن کا کلام "کالملح فی الطعام" ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اُن کا دیوان "شعرا کا نمک دان" کہلایا۔ صفائیٔ کلام کے علاوہ غزل کے لئے شکستگی و خستگی بھی درکار ہے۔ جب غزل کے فروغ کا زمانہ آیا تو شکستگی و خستگی کے اسباب بھی پیدا ہو گئے۔ ساتویں صدی میں تاتار سے ایک سیلابِ بلا اُمڈا جو عجم کو تاخت تاراج کرتا ہوا نکل گیا۔ یہ ایک قہر تھا جس نے سارے کارخانے

درہم برہم کر دیئے۔ دربار لٹ گئے۔ تاجداروں کے سر کٹ گئے۔ گرمیٔ ہنگامہ کافور ہوئی اور ہر طرف افسردگی چھا گئی۔ اس سے بہتر وقت غزل کے فروغ کے واسطے کون سا ہو سکتا تھا ؎

مری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی
ہیولیٰ برقِ خرمن کا ہے خونِ گرم دہقاں کا

یہی زمانہ ہے کہ شیراز سے غزل کا ترانہ بلند ہوا۔ جس طرح ملکی سلطنت بدلی اسی طرح کشورِ سخن کا انقلاب ہوا۔ خلافت کا چشم و چراغ مستعصم بغداد میں شہادت سے سرخرو ہوا۔ اصفہان میں کشورِ قصیدے کے تاجدار کمال اصفہانی کو سعادتِ شہادت نصیب ہوئی۔ عبرت کا تماشا دیکھو جس قتلِ عام نے قصیدے کا تاج اتارا اسی نے غزل کو تختِ اقبال پر بٹھایا۔ یہی تاتاریوں کا ہنگامہ تھا جس نے سعدی کی طبیعت میں افسردگی و شکستگی پیدا کی۔ اس طرح زوالِ قصیدہ اور کمالِ غزل ایک ہی سبب کے دامن سے وابستہ ہیں۔ سعدی کے سینے میں عشق کا سوز اور دماغ میں حکمت کا نور نہاں تھا۔ سوزِ غزل کے پردے میں چمکا حکمت کی بو گلستاں، بوستاں میں مہکی۔

عام طور پر شیخ سعدی غزل کے مجتہدِ اوّل مانے گئے ہیں۔ تلاش اس کو غلط ثابت کرتی ہے۔ تقدّم کا شرف خواجہ سنائی غزنوی کو حاصل ہے۔ خواجہ ممدوح دوسرے طبقہ میں ہیں۔ اُن کے معاصر خاقانی و انوری کی غزل قصیدے کا اترا ہوا خاکہ ہے۔ لیکن خواجہ کی غزل میں وہ صفائی اور ملاحت ہے جو آگے چل کر حافظ اور سعدی کا حصہ ہو گئی۔

یہ ضرور ہے کہ سعدیؔ سے پہلے غزل قصیدے سے دبی ہوئی تھی۔ شیخؔ کے زورِ طبع نے اُس کو اتنا بلند کر دیا کہ اُس نے قصیدے کو دبا لیا۔ امیر خسروؔ نے سوز و گداز کو چمکایا۔ حسنؔ دہلوی نے لطافت سے اُس کا حسن دوبالا کیا۔ سعدیؔ کے بعد سلمانؔ ساوجی اور عبیدؔ زاکانی باکمال قصیدہ گو گزرے ہیں۔ اُنھوں نے قصیدے کو اُبھارا۔ لیکن پھر اُس کا رنگ نہ جما۔ دولت شاہ نے سلمانؔ ساوجی کے دَور کو غزل گویوں کا دَور لکھا ہے۔ قصیدے کے ساتھ ہی ساتھ مثنوی بھی عالمِ وجود میں آئی ہے۔ لیکن عجیب بات ہے کہ قصیدے کے عہد میں قصیدے اور غزل کے دور میں غزل سے دبی رہی۔ دَورِ اوّل میں اساتذہ مثنوی فردوسیؔ، سنائیؔ۔ عطّارؔ، خاقانیؔ، مولانائے رومؔ اور نظامیؔ وغیرہ گزرے ہیں۔ دَورِ ثانی میں سعدیؔ، خسروؔ، جامیؔ، خواجو، فیضیؔ، ظہوریؔ، زلالی وغیرہ، مثنوی کا اشکال اس سے واضح ہوتا ہے کہ ابتدا سے انتہا تک مشکل سے تیس ۳۰ چالیس ۴۰ مثنوی گو ایسے نکلیں گے جو شہرت کے دربار میں باریاب ہوئے ہوں۔ حال آں کہ قصیدہ اور غزل کے استاد صدہا مشہور ہیں۔

ہم نے تفحص کے بعد غزل کے بارہ دَور قائم کئے ہیں۔ ہر دَور میں جن اساتذہ کا دَور دَورہ رہا اول اُن کے نام تقدیم و تاخیر کی ترتیب سے لکھے ہیں۔ پھر ہر ایک کے کلام کا نمونہ دکھایا ہے۔ اور اپنی فہم ناقص کے مطابق ہر دور کی خصوصیتیں جتائی ہیں۔ خاتمۃ الباب شیخ علی حزیں ہیں۔ بنارس جا کر ان کی قبر دیکھو۔ بیکسی کہہ رہی ہے کہ باغِ سخن کا بلبل زار نالوں سے چور، حسرتِ بہار کو دل سے لگائے ہوئے سو رہا ہے۔ پتھر کا دل ہوگا جو سنگِ مزار کے اشعار پڑھ کر بے تاب نہ ہو جائے گا۔ اشعار ؎

زباں دانِ محبت بودہ ام دیگر نمیدانم — ہمیں دانم کہ گوش از دوست پیغامے شنید ایں جا

حزیں از پائے رہ پیما بسے سرگشتگی دیدم — سرِ شوریدہ بر بالینِ آسایش رسید ایں جا

دلِ حزیں سے یہ مضمون غزل کا مرثیہ بن کر نکلا ہے۔ جو جوشِ جنوں صدہا برس فارس، عراقِ عجم، خراسان، ماوراالنہر اور ہندوستان کی خاک چھانتا رہا آخر ٹھنڈا ہو کر کاشی کی سرزمین میں خاک میں مل گیا۔ اگر یہ سچ ہے کہ بنارس میں قیدِ حیات سے آزاد ہونے والے پھر جنم نہیں لیتے تو مان لو کہ اب قیامت تک غزل فارسی اسی قبر کی مجاور رہے گی۔ ظاہری اسباب کی تکلیفی چتون بھی یہی اشارہ کرتی ہے۔ لوحِ مزار کا آخری شعر اسی انجام کی خبر دے رہا ہے۔ شعر

روشن شد از وصالِ تو شبہائے تارِ ما
صبحِ قیامت است چراغِ مزارِ ما

دورِ اوّل۔ ابوالفرج رونی۔ منوچہری دامغانی۔ مسعود سعد سلمان۔

دورِ دوم۔ عبدالواسع جبلی۔ خاقانی شروانی۔ انوری ابیوردی۔ ادیب صابر۔ خواجہ سنائی غزنوی۔ ظہیر فاریابی۔ سیف الدین اسفرنگی۔

دورِ سوم۔ نظامی گنجوی۔ شاپور نیشاپوری۔ خلاق المعانی کمال اصفہانی پور بہائی جامی

دورِ چہارم۔ خواجہ فرید الدین عطار نیشاپوری۔ مولانا جلال الدین رومی۔ شیخ سعدی شیرازی۔ اوحدی مراغی۔ عراقی ہمدانی۔ ہمام تبریزی امیر خسرو دہلوی۔ خواجہ حسن دہلوی۔ خواجہ کرمانی۔

دورِ پنجم۔ سلمان ساوجی۔ حسن متکلم۔ ناصر بخاری۔ خواجہ حافظ شیرازی۔

کمال خجندی۔

دورِ ششم۔ سید نعمت اللہ قدس سرہٗ۔ سید قاسم انوار قدس سرہٗ۔ خواجہ عصمت بخاری۔ کاتبی۔ شیخ آذری۔

دورِ ہفتم۔ شاہی سبزواری۔ امین ترلابادی۔ درویش قاسم تونی۔ طاہر بخاری

دورِ ہشتم۔ مولانا جامی۔ خواجہ آصفی۔ ہلالی استرآبادی۔ اہلی خراسانی۔ بنائی ہروی۔ سہیلی۔

دورِ نہم۔ بابا فغانی شیرازی۔ لسانی شیرازی۔ میلی ہروی۔ غزالی مشہدی وحشی یا فقی۔ محتشم کاشی۔ وقی دشت بیاضی۔

دورِ دہم۔ نقی کمرہ۔ ملک قمی۔ ظہوری ترشیزی۔ شفائی اصفہانی۔ نظیری نیشاپوری۔ عرفی شیرازی۔ فیضی اکبرآبادی۔ ثنائی مشہدی۔ شاپور طہرانی۔ طالب آملی۔ اسیر شہرستانی۔

دورِ یازدہم۔ صائب تبریزی۔ سلیم طہرانی۔ کلیم ہمدانی۔ صیدی طہرانی۔ شوکت بخاری۔ طاہر قزوینی۔ فطرت مشہدی۔ عالی شیرازی۔

دورِ دوازدہم۔ (خاتمۃ الباب) شیخ علی حزین لاہیجانی۔

دورِ اوّل۔ ابوالفرج رونی۔ منوچہر دامغانی۔ مسعود سعد سلمان۔

ابوالفرج رونی (مادح ابو علی سیمجور تھا۔ جو قبل ظہور دولت سلطان محمود سلاطین سامانیہ کی طرف سے صوبۂ خراسان میں گورنر تھا۔ وفات ابو علی سیمجور ۳۸۷ھ ہجری) سے

ALIGARH

بیا مدی صنما بر دو پائے بنشستی | دلم ز دست بروں بردی و درون خستی
نہ مست بودی و پنداشتم کہ چوں مستاں | ہمیں بہ حیلہ شناسی بلندی و پستی
سہ روز شد پس ازاں تا ز در رو فرقت تو | نہ ہوشیاری دانم کہ چیست نہ مستی
درست گشت کہ جانِ منی بدیں معنی | کہ تا ز من بگسستی بہ من نہ پیوستی
بہ جانِ جاناں اگر تو بدستِ خویش دلم | چنانکہ بردہ امروز باز نفرستی

ولہٗ

چہ دلبری چہ عیاری چہ صورتی چہ نگاری | نہ گاہ خلوت جفتی نہ وقت عشرت یاری
بغمزہ عقل گدازی بچنگ چنگ نوازی | بوعدہ روبہ بازی بہ عشوہ شیر شکاری
چو بوسے خواہم رنگی چو صلح جویم جنگی | چرا ست دانم لنگی چہ خوستی کہ تو داری
نہ سوزی و نہ بسازی نہ کاہی و نہ فزائی | نہ بندی و نگشائی۔ چہ دیو دست سواری
شگفت یوسف روئی چرانہ یوسف خوئی | بلے قرینۂ روئی۔ ولیک گرگ بیاری

منوچہر دامغانی (سلطان محمود غزنوی کے زمانہ میں تھا) جلوس سلطان محمود سنہ ۳۸۷ھ وفات سنہ ۴۲۱ ہجری ھ

بازرخت اے دلبر عیار یار | نیست مرا نیز دگر بار بار
دو رخ رخشاں تو گلنار گشت | بر دلِ من ریختہ گلنار نار
چشم تو خونخوارہ ہر جا دوے | ماندہ ازاں چشمک خونخوار خوار
بندہ ہوا دارد ہوا خواہ نیست | بندہ ہوا خواہ وفا دار دار
داد کن اے کودک و بردار جور | مہر بیش آرد بردار وار
اے تو دل آزار و من آزردہ دل | دل شد از آزار دل آزار زار

ولہٗ

اے با عدوے ما گذر و رندہ زکوے ما — اے ماہروے شرم نہ داری ز روے ما
نامم نہادہ بودی بہ بدخواہ جنگ جو — با ہر کسے ہمی گلہ کردی ز خوے ما
جستی دیا فتی دگرے بہ مراد دل — رستی ز خوے ناخوش و از گفتگوے ما
اکنوں بجوے اوست رواں آب عاشقی — آں روز شد کہ آب گذشتے بجوے ما
گویند سرد تر بود آب از سبوے تو — گرم است آب ما کہ کہن شد سبوے ما
اکنوں کہ ہیچ بکام دل خویش یافتی — چندی بہ خیرہ خیرہ چہ گردی بجوے ما

مسعود سعد سلمان جرجانی (مادح سلطان محمود و مسعود و ابراہیم غزنوی) جلوس سلطان مسعود ۴۲۱ھ وفات ۴۳۲ھ ۔ جلوس سلطان ابراہیم ۴۵۱ھ وفات ۴۸۰ھ

آمد آہستہ با کرشمہ و ناز — دوش نزد من آں نگار طراز
زلف پر پیچ بر شکستہ بہ گل — چشم پر خواب سرمہ کردہ بناز
بر نہادہ بہ ابرواں چوگاں — تیر غمزہ بچشم تیر انداز
گفتمش چوں روی بنومیدی — جنگ مانند مار کرد آغاز
اے نیازے مرا نیاز بہ تست — ور چہ دارد بمن زمانہ نیاز

من چہ پرداختم بمہر تو دل
تو زمانے بوصل من پرداز

ولہٗ

اے سلسلۂ مشک فگندہ بقمر بہ — خندیدہ لبِ پُرشکر تو بہ شکر بہ

چوں قامتِ تو نیست سہی سرو خراماں — چوں چہرۂ تو نیست گلِ لعل ببر بہ

چنداں غم و اندوہ فراز آمدہ در دل — کاندودہ شدہ اندہ و غم یک بدگر بہ

دل شد سپر جاں ز نہیبِ مژۂ تو — تا چوں مژہ زخمے زند آخر بہ جگر بہ

تا ہجر نشستہ است بہ نزدیک تو ساکن — ایں وصل سراسیمہ بماندہ است بدر بہ

بر تو گذرم رشتے بتابی ہمی از من — گوئی کہ ندیدی تو مرا جز بگذر بہ

من بر تو ہمی ہر چہ کنم دست نیابم — اے زیرکِ قہر دست کہ یابد بقمر بہ

ریویو دورِ اول کے جن اساتذہ کی چند غزلیں ملیں درج کی گئیں، نمونۂ انداز کے لئے کافی ہیں، عبارت و معنی دونوں پہ غور کیجئے۔

مطلع ہے، غزل کے کل شعر ہم قافیہ و ہم ردیف ہیں۔ مقطع نہیں۔ بندش اور الفاظ کی ترکیب لفظی صاف کہہ رہی ہے کہ قصیدہ گویوں کا کلام ہے۔ نزاکت و لطافت، استعارہ و مجاز (جو جانِ غزل ہے) معدوم ہے۔ جوش و ولولہ اور سوز و گداز بھی نہیں۔ اِن صفات کے پیدا ہونے کے دو بڑے سبب ہیں۔ ایک تصوف، دوسرا سوسائٹی کا رنگ۔ تصوف ان شعرا میں نہ تھا سوسائٹی سپاہ کے نعروں اور ہتھیاروں کی جھنکار سے گونج رہی تھی۔ نزاکت کہاں بار پاتی۔ سوز و گداز کو مصروفِ کارزار سپاہی زادہ کیا جانے۔ وہ لوگ سومنات کو دار الشرک ہونے کے لحاظ سے قابل فتح جانتے تھے۔ رہا ایں

سوز و گداز یا حسن کا جلوہ دیکھنا یہ نازک خیالی متاخّرین کے حصّہ میں آئی۔ غالبؔ کہتے ہیں ؎

بہ سومناتِ خیالم درآے تا بینی
رواں فروز برد دوشہاے زنّاری

ابوالفرج رونی اور منوچہری کی غزلیں پڑھ کر جب مسعود سعد سلمان کی غزل میں یہ شعر نظر آتا ہے ؎

زلف پُرپیچ برشکستہ بہ گل
چشم پُرخواب سُرمہ کردہ بناز

تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک چٹیل میدان کے بعد کوئی سبزہ زار آنکھوں کے سامنے آگیا۔ اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ استعارہ وتشبیہ ولطافت، غزل کے واسطے کہاں تک ضروری ہے۔ مسعود کا زمانہ سلطان ابراہیم بن مسعود کے عہد تک رہا۔ یہ عہد بہ مقابلہ سلطان محمود ومسعود کے آسائش کا عہد تھا۔ سلجوقیوں سے صلح ہوگئی تھی۔ ابراہیم کے حوصلے اتنے بلند نہ تھے جو محمود ومسعود کی طرح سوسائٹی میں تلاطم برپا رکھتے۔ غالباً اسی آسائش وامن کا رنگ مسعود سعد سلمان کی غزل میں جھلک رہا ہے۔

خلاصہ یہ کہ ایک مصروفِ کارزار سوسائٹی کو جس قدر سوز و گداز و محبت کے مضامین پر غور کرنے کی فرصت مل سکتی ہے اُسی قدر سرمایہ اس دور کی غزل میں ہے۔ ان غزلوں کے انداز سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دشتِ قفچاق کا سیدھا سادہ ترکمان اپنے محبوب سے بات چیت کر رہا ہے۔ مضامین کو

دیکھو تو سمجھ جاؤ گے کہ جو مضامین غزل کے لئے روح رواں ہیں وہ اُس عہد میں پیدا ہو چکے تھے۔ معشوق کی جفا کاری، بے وفائی، وعدہ خلافی، مست ناز ہونا، رقیبوں کے ساتھ اختلاط، عاشقِ صادق سے بے گانگی، ہرجائی ہونا، فراق کے ستم، وصال کی آرزو، سوزِ عشق، عشاق کی وفاداری، اخلاق، آزردگی، خستگی، انتظار، زمانہ کی دشمنی، اشک باری، جامہ دری، بے صبری، زردروئی، ان کی آنکھ کی تشبیہ ابر سے، چشمِ معشوق کی خونخوارگی، بدمستی، پُرخوابی، جادوگری، تیر افگنی، بیماری، مژگاں کی تیر اندازی۔ ابرو کی کمان و چوگاں سے تشبیہ۔ رخ کی تشبیہ گل لالہ و ماہ سے لب کی صفات، پُر شکر۔ لب لعل مثل شراب (مرجان) ہونا زلف کے اوصاف۔ مشک و عنبر و قیر نامۂ گنہگاراں[1]۔ آشفتگی۔ پُرپیچ۔ قد کی سرو سہی سے۔ رفتار کی کبک دری سے معشوق کے خطاب۔ تُرک، نگار، کودک، پسر، دوست، لعبت، بُت، صنم صفاتِ معشوق، کمر بستہ ہونا، دلبر عیار، حوری لقا، نازنین، پری رو، سیم ذقن، پستہ لب، بنفشہ مو، سوارِ (قاصد) کبوتر، باز۔

آج لوگ ایشیائی شاعری کے مضامین کو ان نیچرل (Unnatural) بتاتے ہیں۔ تم اوپر کے مضامین کو غور سے دیکھو۔ عہد محمود و مسعود کا تصور باندھو۔ خراسانیوں کی اقتاد مزاج اور رسوم پر نگاہ ڈالو۔ غزنین اور خراسان کی جغرافیائی حالت سوچو، پھر انصاف سے کہو کہ ان میں کون سی بات ان نیچرل ہے۔

---

[1] دیکھو زلف کی تشبیہ "نامۂ گنہگاران" سے کیا اشارہ کر رہی ہے۔ ۱۲

جب معشوق کی نگاہِ کرم دل میں زخم پیدا کر دے تو ایک جنگ جو جو رات دن تیر و شمشیر کے زخم لگاتا رکھتا رہا ہو اُس حالت کو تیغ زنی و تیر افگنی سے بڑھ کر کس پیرائے میں بیان کر سکتا ہے۔ وہ بنفشہ کا پیچ و تاب، کبک دری کی مستانہ خرامی، سرو کی راستی، گل و لالہ کی رعنائی رات دن دیکھتے رہتے تھے۔ پھر اگر ان چیزوں کو وہ اپنے کام میں لائے تو قانون فطرت کی رُو سے کس جُرم کے مرتکب ہوئے۔ درباروں کا شکوہ، مشک و عنبر، مرجان وغیرہ تکلف کے سامان ہمہ وقت پیشِ نظر رکھتا تھا، انھوں نے ان کا نام لیا تو کیا بُرا کیا۔ اصل یہ ہے کہ خود ہماری نیچر بدل گئی۔ اس کا کوئی علاج نہیں۔ اِس دَور کا کلام جہاں تک ہم نے دیکھا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حسب ذیل مضامین اس وقت تک غزل میں نہیں آئے تھے۔

واعظوں پہ پھبتیاں، اُمورِ دین کا استخفاف، معجزات کی بے ادبی، مے و میخانہ، دیر و بتخانہ، لوازم آتش پرستی، بلبل و گل، شمع و پروانہ، انداز و ادا، لب کی صفت میں آبِ حیات و زندگی بخشی۔ آنکھ کی تعریف میں قاتل و کشتن خط و خال وغیر ذالک۔

یہ دَور غزنین و بخارا میں گزرا ہے جو فقہ وغیرہ علوم دینیہ کے اور علماء کے اثر کے مرکز تھے۔ سلطان محمود و مسعود کے حالات پڑھو۔ تو معلوم ہوگا کہ دونوں پر علماء کی صحبت کا کیا اثر تھا۔ اس حالت میں جو باتیں خلافِ دین تھیں وہ بآسانی قلم سے نہیں نکل سکتی تھیں۔ گل و بلبل چمنستانِ غزل میں آنے کے لئے غالباً بہارِ شیراز کا انتظار کر رہے تھے۔ شمع و پروانہ

یہ تمام عیش و عشرت کے لوازمے ہیں۔ میدانِ جنگ میں عیش و عشرت کہاں۔ لب کی حیات بخشی آنکھوں کا قاتل ہونا۔ نزاکت و لطافت کے جوہر ہیں جو متاخرین کی جانکاہیوں سے چمکے۔ دَورِ اول میں ان مضامین کا نہ ہونا ہماری شاعری کی حد درجہ نیچرل ہونے کی دلیل ہے۔

. — . — . ⁘ . — . — .

۲۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(از بیاض سنہ ۱۳۰۳ھ) بر مطلع مشہور

الٰہی چوں سپہرم سینہ بکشا
دلم طوطی کن و آئینہ بنما

الٰہی جان و دل وارستہ فرما
دلم بلبل کن و گلدستہ بنما

الٰہی مشرقِ خورشید الفت ساز جانم را
ز نورِ حسنِ بے پایاں فروزاں کن بیانم را
خداوندا نثارِ روے جاناں ساز جانم را
نواے جان و تن سوزی عطا فرما زبانم را

MAULANA AZAD LIBRARY ALIGARH

نیّرِ رخشاں

عشوہ رہ زنِ دیں شد منِ حیرانے را
کہ از و نیست بجا ہوش مسلمانے را
گر بگردی بہ بیابانِ مدینہ یابی
کردہ ہر ذرّہ بہر نیّرِ رخشانے را
بنما جلوہ زاں چہرۂ رشکِ مینو
تا کنی رو کشِ جنت دلِ ویرانے را
بر سرِ گورِ غریباں چو بیائی روزے
بینی افتادہ بہر گوشہ ارمانے را

دل پر پرے اگر بردہ زمن نیست عجب[٥]
اہرمن بردہ زکف مہر سلیمانے را

اے نسیم سحری رشحۂ فیضے زاں کو
تازئی آب تسلّی دل سوزانے را

جز دو زلفش کہ خوش آسودہ بقرب عارض
کہ نشاں یافتہ آسودہ پریشانے را

گر خرامی بصفاہانِ خیالم بینی
رونما خواستہ ہر جلوہ ایرانے را

طبع حسرت بروانی ست ازاں دُردانہ
گوہرے گشتہ سبب جوشش عمّانے را

۱۴ر صفر المظفر سنہ ۱۳۱۹ھ

---

[٥] پسندیدہ جناب خواجہ عزیز الدین صاحب عزیز لکھنوی۔ ۲۹ر جمادی الآخر سنہ ۱۳۱۹ھ

برطرح مرزا صائبؒ حوم

ازلبِ شیریں ادائے گشتہ شیریں کامِ ما[عہ]
بحنت رانازم کہ شد آرام جانی رامِ ما

پرتوے تا یافتہ از جلوۂ ماہِ عرب
صبحِ صادق رشک ازو بر صفائے شامِ ما

گر بپا تر دامنی بر زہدِ خشکِ ما کند
ننگ دارد نام بد از ننگ ما و نامِ ما

طبلۂ عطار از بوئے خوشش باشد مشام
رشکِ گلشن بسترست از سروِ گل اندامِ ما

عہ ہرکہ دولت یافت شست از لوحِ خاطر نامِ ما۔

از وفورِ انتظارِ آں تذروِ خوش خرام
حلقہائے چشم گشتہ حلقہائے دامِ ما

سالہا شد در بیابانِ طلب سرگشتہ ایم
آں غزالِ خوش ادا روزے نگشتہ رامِ ما

از اتصالِ عارضِ پرنور و زلفِ مشک فام
گشتہ ہم آغوش گویا صبح ما و شامِ ما

کے بود ما را ہوائے آبِ انگوری کہ ہست
لعلِ نوشش نقلِ ما و چشمِ مستش جامِ ما

ہمتِ ما سر نہی آرد بمال و زر فرود
دولتِ ما بس بود آں شوخ سیم اندامِ ما

رہروانِ شوق از ما سالہا آرند یاد
نقشہا انگیختت در راہِ محبت گامِ ما

گرچہ دوریم از حریمِ جانفزائے وصل لیک
خوش بیادِ دوست می آید بسر ایّامِ ما
از سرِ ما شد بروں حسرت ہوائے سیرِ باغ
زینتِ کاشانہ تا شد شوخِ گل اندامِ ما

۱۳؍ ربیع الاوّل سنہ ۱۳۱۹ھ

بر طرح خواجہ حافظِ شیرازیؒ

حیات تازہ خیال لبت تمنا را
نوید عیش بہار رخت تماشا را

نگاہ گرم نتابد عذارِ گلگونش
بخواب بینم اگر آن نگار رعنا را

بجان شوق زنی آتشے ز تابشِ حسن
بچشم مہر فزائی روان تمنا را

ز تاب جلوہ کند تا نگاہ را مدہوش
بنور بادہ بر افروخت روئے زیبا را

بچشیم منت بخت بلند خود روزے
کہ در کشیم ببر آن بلند بالا را

شکستہ رنگ گلستاں بہار رخسارت
لب چو لعل تو در خوں نشاندہ صہبا را

فغاں کہ آں بت شنگول مہوش و مست
بجلوۂ نہ نوازد حبیب شیدا را

ز شور پستۂ تو گشتہ عیش شیریں تلخ
ز تاب زلف تو تارست روز لیلیٰ را

دم کلام چو تنگ نبات بکشائی
شکر بکام کنی طوطیٔ شکر خا را

دلمؔ بساغر و مینا تہی کشد حسرت
کہ بردہ نرگس مستانۂ ز خود ما را

عـہ این شعر را خواجہ عزیز الدین عزیزؔ لکھنوی پسندیدہ ۱۲ - (۱۳ رجب ۱۳۱۹ھ)

بر طرح میرزا صائب مرحوم

احاطہ کرد خط آں آفتاب تاباں را
گرفت خیلِ پری درمیاں سلیماں را

جمالِ روئے تو داغ ست ماہ تاباں را
بہار کوئے تو خارے بدل گلستاں را

ز چشم سرخوش ساقی اشارہ کافیست
دلم بہانہ جوید شکستِ پیماں را

زمینِ اشک عدن در کنار دامانم
زفیضِ داغ گلستاں بہ گریباں را

فدائے زخمِ نگاہت ہزار مرہم باد
نثارِ دردِ تو سازم ہزار درماں را

بهجر کوئے تو روزم گلیم شب بر دوش
ز تاب روئے تو روزے شبستان را

ز نور عارض تو رخنها بظلمت کفر
بکفر زلف تو روے نیاز ایماں را

بیاد روئے تو یارب زدم بشوقے دوش
که دل ز دست شد از فرط ذوق زنداں را

ز جور هجر تو جانم فگار و دل ریش ست
صبا بعجز رساں ایں پیام جاناں را

شفق بشوق لب لعل تو جگر خوں کرد
سحر بیاد رخت چاک زد گریباں را

جنوں بجوش و نمانده است داشتے با من
سزد که چاک زنم دامن بیاباں را

سخن ز ظلمت و آبحیات کوتہ کن
میاں زلف سیاہش نگر زنخداں را
تبسم تو نسیم چمن سپے حسرت
نگاہ مہر چو موج حیات ارماں را

۹ رجمادی الآخر سنہ ۱۳۲۰ھ

بالبداہہ

بہ منشی امتیاز علی خاں عرشیؔ

ناظم کتاب خانۂ ریاستِ رام پور

باستدعائے قدوم

حبیب منزل

ز قدومِ خویشتن نازشے بادلِ بانیاز بخش
بہ حبیبِ بینوائے خود طرۂ امتیاز بخش

۲۰ ذی الحجہ ۱۳۶۳ھ ہجری

بر غزل نظیری نیشاپوری

جذا عشق که ناکام بکام ست اینجا
جستنِ خواهشِ دل جمله حرام ست اینجا
مستی و بیخبریہاست ہمہ در رہِ شوق
بصلاح و ورع و عقل سلامست اینجا

در رہِ عشق خرد مند بماند حیراں
عقلِ کل سر بگریباں چہ مقامست اینجا
وا اسفا مملکتِ عشق دیار نیست غریب
کہ شہِ غازی محمود غلام ست اینجا

نقشِ اوّل ؏

اگر جز یاد تو دارم خیالے
خداوندِ جہاں بخشاد حالے
کہ از نظارہ اش کروبیاں را
بر آید از درون آواز دردا

؏ ایں اول شعرست کہ موزوں کردم

بر طرح طالب آملی

ہوائے باغ بہ ہجر تو سازگارم نیست
جدا ز کوئے تو ذوقے بہ نو بہارم نیست
چو سرمہ گشتم و کوئے تو در نظر ندارم
براہِ عشق تو جاں دادم و قرارم نیست
دلم ز جوش بہار و کنارِ جو نکشود
کہ آں نگارِ گل اندام در کنارم نیست
ز فرطِ شوق ہمہ چشم و تماشا نیست
فتادہ ام بسر راہ و شہسوارم نیست

طالب آملی

ع مریض عشقم و جز داغ سازگارم نیست   علاجِ درد بجز نالہائے زارم نیست

خیال روئے نگارے مرا ز خود بردہ است
دماغِ بوئے گل و جلوۂ بہارم نیست

بذوقِ دردِ تو با چارہ گر نپردازم
بداغِ عشقِ تو پروائے غمگسارم نیست

بغیرِ زلفِ سیہ فام و عارضِ پر نور
نشاطِ لیلِ من و رونقِ نہارم نیست

بغیرِ چہرۂ گلگونِ شاہدِ شنگول
بہارِ باغِ من و جوشِ نوبہارم نیست

